نیوز ریلیز

البرٹا 70% سنگِ میل تک پہنچ گیا، 1 جولائی کو مکمل طور پر دوبارہ کُھل رہا ہے

18 جون، 2021ء

موسم گرما کے سنگِ میل کیلئے البرٹا اپنے کُھلنے کی آخری منزل پر پہنچ گیا ہے، مرحلہ 3 شروع ہونے سے پہلے دو ہفتوں کے انتظار کی مدت کو متحرک کر رہا ہے۔

اہل البرٹنز میں سے 70.2 فیصد کو 17 جون تک کم ازکم ایک حفاظتی ٹیکہ لگائے جانے کے بعد، البرٹا 1 جولائی کو مرحلہ 3 میں چلا جائے گا اور تمام لازمی پابندیوں کو ختم کرکے دوبارہ کُھل جائے گا۔

البرٹا میں 18 سال یا اس سے زائد عمر کا کوئی بھی فرد اب بھی اوپن فار سمر لاٹری کی قرعہ اندازی میں اندراج کر سکتا ہے جس میں 1 ملین ڈالر جیتنے کا موقع ہے۔ رجسٹریشن 24 جون کو رات 11:59 بجے بند ہوگی اور انعام حاصل کرنے کیلئے حفاظتی ٹیکے لگوانے کے ثبوت کی ضرورت ہوگی۔

جیتنے والے کا اعلان 1 جولائی کو کیا جائے گا، جب البرٹا سرکاری طور پر مرحلہ 3 میں داخل ہوگا۔

اوپن فار سمر پلان کے مرحلہ 3 میں پابندیوں کو آسان کیا گیا، جو 1 جولائی سے مؤثر ہے

- تمام باقی ماندہ پابندیاں اٹھا لی جائیں گی، جن میں ان ڈور سماجی اجتماعات پر پابندی بھی شامل ہے
- کووِڈ-19 کے تصدیق شدہ کیسوں کیلئے الگ تھلگ رہنے کی ضروریات اور رواں نگہداشت کی ترتیبات میں حفاظتی اقدامات باقی رہ سکتے ہیں۔
- عام انڈور صوبائی ماسک مینڈیٹ اٹھا لیا جائے گا، لیکن اب بھی محدود اور مخصوص ترتیبات میں نقاب پہننے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

70.2 فیصد پر، 2,671,564 اہل البرٹنز اب پہلا ٹیکہ لگوا چکے ہیں، جس میں 25 فیصد سے زائد وہ افراد شامل ہیں جنھوں نے مکمل دو حفاظتی ٹیکے لگوائے ہوئے ہیں۔

اپنی کووِڈ-19 ویکسین بک کروانے کیلئے، صوبے بھر میں اے ایچ ایس یا حصہ لینے والی فارمیسیوں کے ساتھ دستیاب اپوائنٹمینٹس کی تلاش کیلئے alberta.ca/vaccine پر جائیں۔ منتخب شدہ مقامات پہلے ٹیکوں کیلئے واک ان کلینکس کی پیشکش کرتے ہیں۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے کیلئے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کے صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کیلئے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروائیں
- اوپن فار سمر لاٹری میں رجسٹر کروائیں

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)

587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)

780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید ترجمہ شدہ حکومتی وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں: *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*

Classification: Public